**26.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم
**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔

☆ سمندری طوفان Remal شدید طوفان کی شکل اختیار کرگیا ہے۔ اِس کے آج رات تک مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحل کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔

☆ خصوصی جانچ ٹیم نے راج کوٹ میں آگ لگنے کے سانحے کی چھان بین شروع کردی ہے۔ گجرات ہائی کورٹ نے اِس واقعے کا اپنے طور پر نوٹس لیا ہے۔

☆ دِلی کے وویک وہار علاقے میں بچوں کے ایک اسپتال میں زبردست آگ لگنے سے چھ نوزائیدہ بچوں کی موت ہوگئی، جبکہ کئی زخمی ہوئے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیر اعظم نے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ کے فائنل میں آج شام چنئی میں سن رائزرس حیدرآباد اور کولکاتا نائٹ رائیڈرس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

---

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Campaigning**

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی آج اترپردیش میں مرزا پور، Ghosi اور Bansgaon میں انتخابی مہم کے تحت جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔

مرزا پور میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک کے لوگوں نے نیک نیت اور اچھی پالیسیوں کی وجہ سے تیسری مرتبہ BJP کی زیر قیادت NDA سرکار بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ملک کے عوام یہ سمجھ گئے ہیں کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد فرقہ واریت اور ذات پر مبنی سیاست کو بڑھاوا دے رہا ہے۔

جناب مودی نے یہ دعویٰ کیا کہ سماجوادی پارٹی اور کانگریس کے لوگ ووٹ بینک کے تئیں عہد بند ہیں، جبکہ وہ غریبوں، دلتوں اور پسماندہ لوگوں کے تئیں پُرعزم ہیں۔

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے ایک اور سرکردہ رہنما امت شاہ آج بہار اور پنجاب میں چناؤ مہم میں شامل ہورہے ہیں۔ وہ بہار میں آرہ اور Kaimur میں عوامی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔ اِس کے بعد وہ آج شام پنجاب جائیں گے، جہاں وہ لدھیانہ میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔

BJP کے صدر جگت پرکاش نڈا آج بہار میں تین عوامی جلسے کررہے ہیں۔

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے بھی آج بہار میں انتخابی مہم میں شرکت کررہے ہیں۔ وہ ساسارام لوک سبھا حلقے کے Mohaniya میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔ بعد میں وہ پٹنہ میں ایک اور عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

کانگریس لیڈر راہل گاندھی بھی ہماچل پردیش میں Nahan اور Una میں عوامی جلسوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔

دِلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال اور پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان آج ہوشیار پور میں ایک روڈ شو کررہے ہیں۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اترپردیش میں Salempur اور بلیا میں عوامی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔

RJD کے لیڈر تیجسوی یادو، وکاس شیل انسان پارٹی کے صدر مکیش ساہنی اور بہار کانگریس کے صدر اکھلیش سنگھ بھی Arwal میں ایک مشترکہ عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔×

**LS Polls Update**

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں 61 اعشاریہ سات-چھ فیصد رائے دہندگان نے اپنے حقِ رائے کا استعمال کیا۔ 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں محیط 58پارلیمانی حلقوں میں ہوئی کل کی پولنگ پرامن رہی۔ اس مرحلے میں اترپردیش میں 14 سیٹوں کے لئے پولنگ ہوئی جبکہ ہریانہ میں سبھی 10 سیٹوں اور بہار اور مغربی بنگال میں آٹھ-آٹھ سیٹوں اور دلی میں سبھی 7 سیٹوں کے لئے ووٹ ڈالے گئے۔ اوڈیشہ میں 6 سیٹوں پر، جھارکھنڈ میں چار سیٹوں پر اور جموں وکشمیر میں ایک پارلیمانی حلقے میں ووٹ ڈالے گئے۔

جموں وکشمیر میں اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں 54 فیصد سے زیادہ ووٹنگ ریکارڈ کی گئی جہاں گذشتہ 35 سال میں سب سے زیادہ رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

ساتھ ہی ساتھ تیسرے مرحلے میں اوڈیشہ اسمبلی کی 42 سیٹوں کے لیے بھی کل ووٹ ڈالے گئے، جس میں 70 فیصد سے زیادہ پولنگ ہوئی۔

سبھی مرحلوں کے لیے ووٹوں کی گنتی چار جون کو کی جائے گی۔×

**Remal Update**

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ شمالی خلیج بنگال سے اُٹھنے والا سمندری طوفان Remal مغربی بنگال میں ساگر جزیرے کے کوئی 270 کلو میٹر جنوب-جنوب مشرق میں شدید طوفان کی شکل اختیار کرگیا ہے۔

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ یہ شمال کی سمت بڑھے گا اور مزید شدت اختیار کرے گا۔ یہ پیش گوئی کی گئی ہے کہ یہ

شدید سمندری طوفان آج رات تک بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے ساحل کو پار کرجائے گا۔ اِس خطے میں طوفان کے گزرنے کے وقت 110 کلو میٹر سے لے کر 120 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوا کے تیز جھکڑ چلنے کا امکان ہے۔ تیز ہوا کی رفتار 135 کلو میٹر فی گھنٹے تک پہنچ سکتی ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے سمندری طوفان Remal کے زیراثر آج اور کل مغربی بنگال کے ساحلی ضلعوں میں انتہائی شدید بارش ہونے اور شمالی اوڈیشہ میں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کی وارننگ جاری کی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ آسام، میگھالیہ اور شمال مشرق کی دیگر ریاستوں منی پور، ناگالینڈ، اروناچل پردیش اور تریپورہ میں بھی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر کولکاتا ہوائی اڈّے کے حکام نے سمندری طوفان کے ممکنہ اثر کے مدنظر ہوائی جہازوں کی پروازیں 21 گھنٹے کیلئے معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایئرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے ترجمان کے مطابق اندرونِ ملک اور بین الاقوامی دونوں سیکٹروں میں مجموعی طور پر 394 پروازیں اِس مدت کے دوران نہیں چلیں گی۔ اِس میں آنے اور جانے والی دونوں پروازیں شامل ہیں۔×

**Rajkot Fire**

گجرات کے راج کوٹ میں آگ لگنے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 27 ہوگئی ہے۔ ریاست کے وزیرداخلہ ہرش سنگھوی نے آگ لگنے کی جگہ کا دورہ کیا اور نامہ نگاروں سے کہا کہ اِس سانحے کیلئے ذمے دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

اِدھر ایک خصوصی جانچ ٹیم نے کل رات سے اپنی تحقیقات شروع کردی ہے۔ جناب ہرش سنگھوی نے بتایا کہ گیم زون کے مالک سمیت ذمے دار افراد کو پولیس نے اِس واقعے کے چند گھنٹوں بعد ہی حراست میں لے لیا۔

اِدھر ریاست کے وزیرِاعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے اِس واقعے کے مقام کا صبح سویرے دورہ کیا اور بچاؤ کارروائی کی تفصیلات حاصل کیں۔ خصوصی جانچ ٹیم آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی اور تین دن کے اندر اندر اپنی ابتدائی رپورٹ ریاستی سرکار کو پیش کرے گی۔

بادی النظر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ویلڈنگ کرنے والے ایک شخص کی غفلت کی وجہ سے آگ لگنے کا یہ واقعہ پیش آیا۔ اِدھر گجرات ہائی کورٹ نے راج کوٹ کے TRP گیم زون میں آگ لگنے کے واقعے کا اپنے طور پر نوٹس لیا ہے۔ عدالت کل اِس معاملے کی سماعت کرے گی۔×

**Delhi Fire**

قومی راجدھانی دِلی کے وویک وہار علاقے میں کل بچوں کے ایک اسپتال میں زبردست آگ لگنے سے چھ نوزائیدہ بچوں کی موت ہوگئی، جبکہ کئی دیگر زخمی ہوئے۔ اِس واقعے میں کم از کم 12 نوزائیدہ بچوں کو بچا لیا گیا۔ فی الحال ایک نوزائیدہ بچہ انتہائی نگہداشت والے یونٹ ICU میں ہے، جبکہ پانچ دیگر بچوں کو ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

دِلی فائر سروسز محکمے کے مطابق کل رات ساڑھے گیارہ بجے کے آس پاس آگ لگنے کے واقعے کی اطلاع ملی تھی اور فوراً ہی آگ بجھانے والی 16 گاڑیوں کو وہاں بھیجا گیا۔ آگ لگنے کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہوسکی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اسپتال میں آگ لگنے کے واقعے میں بچوں کی موت ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور دیگر بچوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ اُنہیں دِلی کے ایک اسپتال میں نوزائیدہ بچوں کی موت ہونے سے بہت دُکھ ہوا ہے۔
وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ دِلی کے اسپتال میں آگ لگنے کا یہ سانحہ دِل دہلا دینے والا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ اِس مشکل گھڑی میں سوگوار کنبوں کے غم میں شریک ہیں۔ وزیراعظم نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ہے۔×

**Shajahanpur Road Accident**

اترپردیش کے شاہجہانپور ضلع میں **Khutar** تھانے کے تحت آنے والے علاقے میں کل رات لکھیم پور گولا روڈ پر ایک بس حادثے میں گیارہ عقیدتمندوں کی موت ہوگئی، جبکہ دس شدید طور پر زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو علاج کیلئے شاہجہانپور میڈیکل کالج اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔
پولیس کے مطابق یہ بس سیتاپور سے اتراکھنڈ جارہی تھی کہ ایک سامان سے پوری طرح لدا ہوا ٹرک بس سے جاٹکرایا۔
ریاست کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اِس حادثے میں لوگوں کی موت ہونے پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ شاہجہانپور کے ضلع مجسٹریٹ اومیش پرتاپ سنگھ نے کہا ہے کہ سرکار اور ضلع انتظامیہ سوگوار کنبوں کو ہر ممکن مالی امداد فراہم کرے گی۔×

**IPL Cricket**

**IPL** کرکٹ کے فائنل میں آج چنئی کے ایم-اے-چدمبرم اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتا نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔
کولکاتا کی ٹیم لیگ مرحلے میں پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست رہی۔ اُس نے **9** میچ جیتے، تین میچوں میں شکست ہوئی، جبکہ دو میچ بے نتیجہ رہے۔ اِس طرح کولکاتا کی ٹیم نے **20** پوائنٹس حاصل کئے۔ کولکاتا نائٹ رائیڈرس کی ٹیم پہلے کوالیفائر میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کو ہرا کر سیدھے فائنل میں پہنچی تھی۔ دوسری طرف حیدرآباد کی ٹیم نے دوسرے کوالیفائر میچ میں راجستھان رائلس کو ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔×

**T-20 World Cup**

کپتان روہت شرما سمیت بھارتی کرکٹ کھلاڑیوں کا پہلا گروپ ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ کیلئے امریکہ روانہ ہوگیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ اگلے مہینے کی دو تاریخ سے شروع ہونے والا ہے۔ روہت شرما کے ساتھ ساتھ تیز گیند باز جسپریت بمرا، بلے باز سوریہ کمار یادو، ہیڈ کوچ راہل دراوڑ اور بلے بازی کے کوچ وکرم راٹھور نیز کچھ دیگر کھلاڑی ممبئی ہوائی اڈّے سے روانہ ہوئے۔ دیگر کھلاڑیوں میں رویندر جڈیجہ، شیوم دوبے، محمد سراج، ارشدیپ سنگھ، خلیل احمد، کلدیپ یادو اور اکشر پٹیل شامل ہیں۔
امریکہ اور ویسٹ انڈیز مشترکہ طور پر ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ کی میزبانی کررہے ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ **2** جون سے **29** جون تک ہوگا۔ بھارتی کرکٹ ٹیم نیویارک میں **5** جون کو آئرلینڈ کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ **9** جون کو بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ بھارت نے **2007** میں جنوبی افریقہ میں کھیلا گیا پہلا ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ جیتا تھا۔×

**Simran Sharma**

بھارت کی سمرن شرما نے جاپان کے شہر **Kobe** میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔
سمرن نے کل چمپئن شپ مقابلے کے آخری دن خواتین کے **200** میٹر ٹی۔**12** مقابلے میں **24** اعشاریہ نو۔پانچ سیکنڈ میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔
بھارت نے عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں زبردست کامیابی حاصل کرتے ہوئے کُل **17** تمغے جیتے۔جن میں سونے کے **6** تمغے شامل ہیں۔ درجہ بندی کے لحاظ سے وہ چھٹے نمبر پر ہے۔**x**

☆☆☆